نعت

ارم مدینے میں باغِ جناں مدینے میں
ہر ایک چیز ہے جنت نشاں مدینے میں

زمیں پہ کیوں نہ جھکے آسماں مدینے میں
ہیں محوِ خواب شہِ دوجہاں مدینے میں

ہر اک قدم پہ مسلسل ہے رحمتوں کا نزول
علاقِ غمِ ہستی ہے کہاں مدینے میں

یہیں طلوع ہوا اور یہیں چڑھا پروان
جمالِ ذات ہے جلوہ فگاں مدینے میں

قدم قدم پہ جہالت اثر دھندلکے تھے
تجلیوں کی ہے بارش جہاں مدینے میں

جہانِ کفر و ضلالت میں مچ گیا کہرام
ہوئی بلند جو پہلی اذاں مدینے میں

سرِ نیاز کے سجدوں کو کیا کروں یارب
جبینِ شوق یہاں آستاں مدینے میں

فضائے سدرہ وطوبیٰ مری نظر میں نہیں
مجھے تو چاہیئے اک آشیاں مدینے میں

غمِ حیات، غمِ آخرت، غمِ کونین
میں بھول جاؤں گا سب بے گماں مدینے میں